
# آسان سٹیک کمپوسٹنگ (Easy Stack Composting)

## (اپارٹمنٹس اور چھوٹے گھروں کے لیے)

### کھاد بنانا (Composting) کمپوسٹنگ :- کھانے اور باغیچے کی بچی ہوئی اشیاء کو Recycle (دوبارہ استعمال کرنے) کا قدرتی عمل

(Composting) کمپوسٹنگ ایک سستا اور قدرتی عمل ہے جس کے ذریعے کچن اور باغیچے کی بچی ہوئی اشیاء سے آپ اپنے پودوں کے لیے ایک معیاری اور غذائیت سے بھرپور کھاد بنا سکتے ہیں۔ بچا ہوا کھانا پلاسٹک کے تھیلوں میں ڈال کر کوڑا کرکٹ کے ڈھیروں میں پھینکا جاتا ہے اس سے نہ صرف غذائیت مٹی میں واپس شامل ہونے کا عمل رک جاتا ہے بلکہ نقصان دہ کیمیائی اجزاء بھی پیدا ہوتے ہیں جو کہ ماحول کے لیے بہت بڑا خطرہ ہیں۔ ہمیں چاہیے کہ کوڑے کے ڈھیر میں جانے والے کچرے کو کم کریں تا کہ ہمارا ماحول محفوظ رہے اور غذائیت بھی مٹی میں واپس شامل ہو سکے۔

ہدایات:-




۱۔ (Stack Composter) سٹیک کمپوسٹر مٹی کے دو برتنوں کو ایک دوسرے کے اوپر نیچے رکھ کر بنایا جا سکتا ہے۔ اوپر والا چھوٹا برتن (ہانڈی) کمپوسٹ کی تیاری اور نیچے والا بڑا گملا اسے جمع کرنے اور تیار کرنے کے لئے استعمال ہوگا۔

۲۔ ہانڈی کے نچلے حصے اور چاروں طرف جب کہ گملے کے صرف چاروں طرف ڈرل مشین کی مدد سے ہوا کے لیے سوراخ کر لیجیے۔

۳۔ ہانڈی میں سب سے پہلے کاغذ کی تہہ لگائیں اور اس کے اوپر خشک پتے ڈالیں، پھر کچن سے نکلنے والا دن بھر کا بچا ہوا کھانا اور سبزی، پھل کے چھلکے ڈالیں۔ اس کے اوپر تھوڑی سی مٹی یا پہلے سے تیار شدہ کمپوسٹ ڈالیں اور سوکھے پتوں کی ایک اور تہہ ڈالیں۔ اس طرح بچا ہوا کھانا خشک پتوں کی دو تہوں کے درمیان میں آ جائے گا۔ خشک پتے مکھیوں کو دور رکھتے ہیں اور بدبو پیدا ہونے سے روکتے ہیں اور مٹی/ (Compost) کمپوسٹ چھڑکنے سے (Composting) کمپوسٹنگ کا عمل تیز ہو جاتا ہے۔




پہلا مرحلہ: سوکھے پتوں کی تہہ لگانا



دوسرا مرحلہ: بچا ہوا کھانا اور مٹی شامل کریں



تیسرا مرحلہ: پتوں سے ڈھانپ دیں



۴۔ جب اوپر والی ہانڈی بھر جائے تو اس کے اجزاء نیچے والی ہانڈی میں منتقل کر دیں اور تھوڑی مقدار میں پانی شامل کر دیں تا کہ اس میں نمی برقرار رہے۔ اوپر والے برتن میں دوبارہ سے یہ عمل شروع کر دیں۔

جب نیچے والا بڑا برتن بھر جائے تو اسے پکنے کے لیے چھوڑ دیں اور دوسرا بڑا برتن استعمال کرنا شروع کر دیں۔ کھاد تیار ہونے کے عمل کے دوران ہر ہفتے تقریباً دو مگ پانی شامل کرتے رہیں۔





تیار شدہ کھاد (Compost)

نوٹ:۔

- (Stack Composter) سٹیک کمپوسٹر میں موجود اجزاء کو کسی بھی وقت ملانے کی ضرورت نہیں ہے۔
- سبزیوں اور پھلوں کے بڑے چھلکے مثلاً تربوز کے چھلکوں کو کاٹ کر ڈالیں تا کہ کمپوسٹنگ کا عمل تیزی سے ہو سکے۔
- سٹیک کمپوسٹر ایسی جگہ رکھیے جہاں اسے ہوا مل سکے مثلاً بالکونی، صحن یا لان۔
- بچے ہوئے کھانے سے کھاد تیار ہونے کے عمل میں تین مہینے یا اس سے زیادہ کا عرصہ لگ سکتا ہے (یہ عمل سردیوں میں آہستہ اور گرمیوں میں تیز ہوتا ہے)۔
- کمپوسٹ (Compost) کی تیاری کے دوران اگر یہ زیادہ خشک ہو تو تھوڑا پانی شامل کریں اور اگر اس میں نمی زیادہ ہو جائے تو خشک پتے شامل کریں۔
- پھلوں کے بڑے بیج اگر کھاد میں تبدیل نہ ہوں تو انہیں کچل لیں۔
- مٹی کے دو بڑے گملے ایک خاندان کے لیے کافی ہیں، تاہم تین بڑے گملے بہترین ہیں۔
- ایک حصہ کھانے کے ساتھ تین حصے خشک پتے شامل کیجیے اگر پتے نہ ہوں تو پھلوں کی پیٹیوں میں موجود خشک بھوسا استعمال کیا جا سکتا ہے۔